ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

ٹی ٹوئنٹی پریکٹس میچ میں پاکستان ویمنز ٹیم کو28 رنز سے شکست

کرائسٹ چرچ30نومبر،2023:

نیوزی لینڈ الیون ویمنز نے پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کو ٹی ٹوئنٹی پریکٹس میچ میں 28 رنز سے شکست دیدی۔

یہ اس دورے میں پاکستان ویمنز ٹیم کا دوسرا پریکٹس میچ تھا۔

منگل کو کھیلے گئے پہلے پریکٹس ون ڈے میچ میں پاکستان ویمنز نے 57 رنز سے کامیابی حاصل کی تھی۔

برٹ سٹکلف اوول لنکن میں جمعرات کے روز کھیلے گئے ٹی ٹوئنٹی میچ میں پاکستان ویمنز نے ٹاس جیت کر میزبان ٹیم کو بیٹنگ دی جس نے20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 168 رنز اسکور کیے۔

جی ای پلیمر نے 35 گیندوں پر52 رنز بنائے جس میں چار چوکے اور ایک چھکا شامل تھا۔ اواین گین نے 28 رنز کی اننگز کھیلی۔

ندا ڈار۔ نشرہ سندھو اور وحیدہ اختر نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

جواب میں پاکستان ویمنز ٹیم 20 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 140 رنز بناپائی۔ منیبہ صدیقی نے چار چوکوں کی مدد سے 32 رنز بنائے۔ نجیہہ علوی 19 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہیں۔ این ایچ پٹیل اور کے اے نائٹ نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

اس موقع پر دونوں ٹیموں نے سپر اوور بھی کھیلا پہلے سپر اوور میں دونوں ٹیموں نے دس دس رنز اسکور کیے جس کے بعد دوسرا سپر اوور کھیلا گیا نیوزی لینڈ الیون ویمنز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 9 رنز بنائے۔ پاکستان ویمنز ٹیم بھی 9 رنز بنا پائی اور یہ سپر اوور بھی برابر ہو گیا۔

پاکستان اور نیوزی لینڈ ویمنز کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سیریز کا آغاز تین دسمبر سے ہو گا۔

سیریز میں تین ون ڈے انٹرنیشنل میچز بھی شامل ہیں۔ ون ڈے سیریز آئی سی سی ویمنز چیمپئن شپ کا حصہ ہے۔

پاکستان کا سترہ رکنی اسکواڈ ان کھلاڑیوں پر مشتمل ہے۔

ندا ڈار (کپتان) عالیہ ریاض۔ بسمہ معروف۔ ڈیانا بیگ۔ فاطمہ ثنا۔ غلام فاطمہ۔ منیبہ علی (وکٹ کیپر) نجیہہ علوی (وکٹ کیپر) نشرہ سندھو۔ نتالیہ پرویز۔ عمیمہ سہیل۔ صدف شمس۔ سعدیہ اقبال۔ شوال ذوالفقار۔ سدرہ امین۔ ام ہانی اور وحیدہ اختر۔

3 دسمبر۔ پہلا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل۔ ڈنیڈن۔ (دوپہر ایک بجے مقامی وقت)۔

5 دسمبر۔ دوسرا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل۔ ڈنیڈن۔ (دوپہر ایک بجے مقامی وقت)

9 دسمبر۔ تیسرا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل۔ کوئنزٹاؤن۔ (دوپہر ایک بجے مقامی وقت)

12 دسمبر۔ پہلا ون ڈے انٹرنیشنل۔ کوئنزٹاؤن۔ (گیارہ بجے صبح مقامی وقت)

15 دسمبر۔ دوسرا ون ڈے انٹرنیشنل۔ کرائسٹ چرچ۔ (دوپہر دو بجے مقامی وقت)

18 دسمبر۔ تیسرا ون ڈے انٹرنیشنل۔ کرائسٹ چرچ۔ (دوپہر دو بجے مقامی وقت)

ون ڈے سیریز آئی سی سی ویمنز چیمپئن شپ کا حصہ ہے

-ENDS –

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters

Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial